Atlas Battery

AGS

ABL-SHARES/4/2016
September 06, 2016

The General Manager,
Pakistan Stock Exchange Limited,
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi.

**Notice of Annual General Meeting**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of the Annual General Meeting to be held on September 27, 2016 for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Thanking you.

Yours faithfully,
**For ATLAS BATTERY LIMITED**

Rizwan Ahmed
Company Secretary

**Atlas Battery Limited**
**Head Office:** D-181, Central Avenue, S.I.T.E., Karachi-75730 **Ph:** (92-21) 32567990-4 **Fax:** (92-21) 32564703
**Email:** abl@atlasbattery.com.pk **Website:** www.atlasbattery.com.pk

# Atlas Battery

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Annual General Meeting of the Shareholders of the Company will be held at 10:00 a.m. on Tuesday, September 27, 2016 at 2nd Floor, Federation House, Sharae Firdousi, Clifton, Karachi, to transact the following business:

**Ordinary Business:**

1. To confirm Minutes of Annual General Meeting held on September 28, 2015.
2. To receive, consider and adopt the Audited Annual Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2016 together with the Directors' and Auditors' Reports, thereon.
3. To consider and approve the cash dividend at the rate of 155% (Rs. 15.50 per share) for the year ended June 30, 2016 as recommended by the Board of Directors.
4. To appoint auditors and fix their remuneration for the year ending June 30, 2017. The present auditors M/s. ShineWing Hameed Chaudhri & Co., Chartered Accountants, retire and being eligible, offer themselves for reappointment.

**Special Business:**

5. To consider and approve the addition of new Article 81A in the Articles of Association of the Company.

   To consider and, if thought fit, pass with or without modification the following resolution as Special Resolution:

   RESOLVED "that the Articles of Association of the Company be amended to add a new Article 81A as under:

   81A. The provisions and requirements for e-voting as prescribed by the SECP from time to time shall be deemed to be incorporated in these Articles, irrespective of the other provisions of these Articles of Association and notwithstanding anything contradictory therein."

**Other Business:**

6. To transact any other business with the permission of the Chair.

BY ORDER OF THE BOARD

Karachi: September 06, 2016

Company Secretary

**NOTES:**

1. The Share Transfer Books of the Company will remain closed from September 13, 2016 to September 27, 2016 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar M/s. Hameed Majeed Associates (Private) Limited, Karachi Chambers, Hasrat Mohani Road, Karachi before the close of business on September 12, 2016 will be considered in time for the purpose of entitlement for cash dividend.
2. A member entitled to attend and vote at the General Meeting is entitled to appoint another member as a proxy to attend and vote on his / her behalf. Proxies in order to be effective must be received at the Registered Office of the Company or at the office of our Share Registrar M/s. Hameed Majeed Associates (Private) Limited, Karachi Chambers, Hasrat Mohani Road, Karachi not less than 48 hours before the time of the meeting.
3. Any individual Beneficial Owner of the Central Depository Company (CDC), entitled to vote at this meeting must bring his / her Computerized National Identity Card (CNIC) or passport (in case of foreigner) along with CDC account number to prove his / her identity and in case of proxy must enclose an attested copy of his / her CNIC or passport. Representatives of corporate members should bring the usual documents required for such purpose.
4. Members are requested to immediately inform the Company's Share Registrar of any change in their mailing address.
5. Members are requested to provide by mail or fax, photocopy of their CNIC or passport (in case of foreigner), unless it has been provided earlier, enabling the Company to comply with relevant laws.
6. The Government of Pakistan through Finance Act. 2014, has made certain amendments in section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 whereby different rates are prescribed for deduction of withholding tax on payment of dividend by the companies. Further, the Government of Pakistan through Finance Act 2016 has revised the rates. These tax rates are as under:

   a) For filers of income tax returns - 12.5%
   b) For non-filers of income tax returns - 20%

   To enable the Company to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 12.5% instead of 20%, all the shareholders whose names are not appearing in the latest Active Tax Payers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the date of payment of the cash dividend otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 20% instead of 12.5%.

   For any query / information, the investors may contact the Company and / or the Share Registrar at the following:

   **Company's Registered Office**
   D-181, Central Avenue, S.I.T.E., Karachi-75730, Tel: (021) 32567990-4, Fax: (021) 32564703.

   **Share Registrar**
   M/s. Hameed Majeed Associates (Pvt) Ltd., Karachi Chambers, Hasrat Mohani Road, Karachi. Tel: (021) 32424826 & 32412754, Fax: (021) 32424835.

   The corporate electronic shareholders having CDC accounts are required to update their National Tax Numbers (NTN) with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send copy of their NTN certificates to the Company or share registrar i.e. M/s. Hameed Majeed Associates (Pvt) Ltd. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote their respective folio numbers, for identification purpose.
7. In order to enable the Company to follow the directives of regulators to determine shareholding ratio of the Joint shareholder(s) (where shareholding has not been determined by the Principal shareholder) for deduction of withholding tax on the upcoming dividend of the Company, shareholders are requested to please furnish the shareholding details of the Principal shareholder and the Joint shareholder(s) in the following manner, to the Company's Share Registrar, enabling the Company to compute withholding tax on each shareholder accordingly. In case of non-receipt of the information by September 12, 2016, then each shareholder will be assumed to have equal proportion of shares and the tax will be deducted accordingly.

| Folio No./ CDC Account No. | Total No. of Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder(s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |

8. Financial statements have been placed on Company's website at www.atlasbattery.com.pk.

**STATEMENT UNDER SECTION 160(1)(b) OF THE COMPANIES ORDINANCE, 1984:**

This statement is annexed to the Notice of the Annual General Meeting of Atlas Battery Limited to be held on September 27, 2016 at which certain special business is to be transacted. The purpose of this statement is to set forth the material facts concerning such special business.

**ITEM NO. 5 OF THE AGENDA**

To give effect Companies (E-Voting) Regulations, 2016 shareholders approval is being sought to amend the Articles of Association of the Company to enable e-voting.

The Directors are not interested in this business except as shareholders of the Company.

Atlas Battery

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے حصص داران کا سالانہ اجلاسِ عام بروز منگل، 27 ستمبر 2016 صبح 10:00 بجے، بمقام دوسری منزل، فیڈریشن ہاؤس، شاہراہِ فردوسی، کلفٹن، کراچی میں درج ذیل امور کی ادائیگی کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے۔

**عمومی امور:**

1 - سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 28 ستمبر 2015 کی کارروائی کی توثیق۔

2 - 30 جون 2016 کو ختم شدہ سال کے لیے کمپنی کے پڑتال شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کو اپنانے، غور و خوص اور منظوری۔

3 - بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے سفارش کردہ 30 جون 2016 کو ختم شدہ سال کے لیے 155 فیصد (15.50 روپے فی حصص) حتمی نقد منافع کی تقسیم پر غور و خوص اور منظوری۔

4 - 30 جون 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اپنے عہدے سے سبکدوش ہو رہے ہیں اور بر بنائے اہلیت دوبارہ تقرری کے لیے خود کو پیش کر رہے ہے۔

**خصوصی امور:**

5 - آرٹیکل آف ایسوسی ایشن آف کمپنی میں نئے آرٹیکل 81A کے اضافے کے لیے غور و خوص اور منظوری۔

مندرجہ ذیل قرارداد، اگر مناسب سمجھا گیا تو غور و خوص کرنے، بغیر کسی تبدیلی کے یا تبدیلی کے ساتھ منتقل کرنے کے لیے بطور خصوصی قرارداد ہے۔

یہ طے کیا جا چکا ہے کہ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن آف کمپنی میں ترمیم کے بعد آرٹیکل 81A مندرجہ ذیل کے مطابق شامل کیا جا رہا ہے۔

81A سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً ای ووٹنگ (E-voting) کے لیے دی جانے والی دفعات اور ضروریات ان آرٹیکلز میں شامل کی جائیں گی، اس بات سے قطع نظر کہ وہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی دیگر دفعات سے متضاد کچھ ہوں۔

**دیگر امور:**

6 - جناب چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں کسی دیگر معاملے پر غور و خوص کرنا۔

حسب الحکم بورڈ

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 06 ستمبر 2016

**نوٹ:**

1 - کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں 13 ستمبر 2016 تا 27 ستمبر 2016 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ وہ تمام ٹرانسفرز جو قواعد و ضوابط کے مطابق ہمارے شیئر رجسٹرار کے آفس بمقام میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی میں کاروبار کے اختتام سے پہلے 12 ستمبر 2016 تک وصول ہوں گے، وہ وقت پر موصول شدہ تسلیم کی جائیں گی اور منافع کی تقسیم کی مجاز ہوں گی۔

2 - کوئی بھی ممبر جو عمومی اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا / کی حقدار ہے، وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے ممبر کو بطور اپنا پراکسی مقرر کر سکتا / سکتی ہے۔ پراکسی کے مؤثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی کو موصول ہو جائیں۔

3 - سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (CDC) کے / کی شیئرز ہولڈرز جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے / کی حقدار ہیں، وہ شناخت کے طور پر اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ (اگر غیر ملکی ہو تو) اور CDC اکاؤنٹ نمبر ضرور ساتھ لائیں۔ پراکسی کی صورت میں کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا لازمی ہے۔ مذکورہ مقصد کے لیے کارپوریٹ ممبرز کے نمائندے اپنے ساتھ مطلوبہ دستاویز ضرور لائیں۔

4 - ممبرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری اطلاع دیں۔

5 - ممبرز سے درخواست ہے وہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) کی نقل بذریعہ ڈاک یا فیکس ارسال کریں (اگر پہلے نہ دی ہو) تاکہ کمپنی متعلقہ قوانین کے مطابق عمل کر سکے۔

6 - گورنمنٹ آف پاکستان نے فنانس ایکٹ 2014 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں کچھ ترامیم کی ہیں، جس میں کمپنی کی طرف سے ادا کیے جانے والی منافع کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے مختلف ریٹس تجویز کیے تھے، مزید یہ کہ گورنمنٹ آف پاکستان نے فنانس ایکٹ 2016 کے ذریعے ریٹس میں مزید ترمیم کی ہے۔ یہ ٹیکس ریٹس درج ذیل ہیں:

a انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز کے لیے 12.5%

b انکم ٹیکس ریٹرن کے نان فائلرز کے لیے 20%

تمام حصص داران جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر مہیا کی گئی ایکٹو ٹیکس پیئرز کی لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں، اس حقیقت کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کو نقد منافع پر 20% کے بجائے 12.5% کے ریٹ پر ٹیکس کی کٹوتی کا مجاز بنانے کے لیے اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام نقد منافع کی ادائیگی سے قبل ATL میں شامل کر لیے گئے ہیں۔ وگرنہ صورت نقد منافع پر ٹیکس کٹوتی 12.5% کے بجائے 20% کی جائے گی۔

مزید معلومات / سوالات کی صورت میں انویسٹرز کمپنی اور / یا شیئر رجسٹرار سے مندرجہ ذیل پتے پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**کمپنی کا رجسٹرڈ آفس**

D-181، سینٹرل ایونیو، سائٹ، کراچی - 75730، فون 4-021-32567990، فیکس 021-32564703

**شیئر رجسٹرار**

میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، کراچی چیمبرز، حسرت موہانی روڈ، کراچی۔ فون 021-32424826 & 32412754، فیکس 021-32424835

CDC اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز، اپنے متعلقہ CDC شرکاء کے ساتھ اپنا موجودہ نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپ ڈیٹ کریں جبکہ دیگر حصص داران اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو بھی ارسال کریں۔ شیئر ہولڈرز NTN یا NTN سرٹیفکیٹس ارسال کرتے وقت کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبرز کا حوالہ ضرور دیں۔

7 - کمپنی کو ریگولیٹرز کی ہدایت کے مطابق جوائنٹ شیئر ہولڈرز ہونے کی صورت میں شیئر ہولڈنگ کے تناسب، آنے والے کمپنی کے نقد منافع اور ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی سے آگاہ کرنے کے لیے (ایسی صورت میں جب شیئر ہولڈنگ، پرنسپل شیئر ہولڈر کے پاس نہیں ہو) حصص داران سے گزارش کی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل طریقے کے مطابق پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کی تفصیلات سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو آگاہ کریں تاکہ وہ ہر حصص دار پر ودہولڈنگ ٹیکس کی صحیح کٹوتی کے عمل کو ممکن بنا سکے۔ 12 ستمبر 2016 تک معلومات وصول نہ ہونے کی صورت میں ہر شیئر ہولڈر کا ٹیکس برابر تناسب میں کاٹ لیا جائے گا۔

| فولیو نمبر / CDC اکاؤنٹ نمبر | ٹوٹل حصص کی تعداد | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (حصص کی تعداد) |

8 - مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.atlasbattery.com.pk پر دستیاب ہے۔

## کمپنیز آرڈیننس 1984 کے اسٹیٹمنٹ سیکشن 160(1)(b) کے تحت

یہ اسٹیٹمنٹ اٹلس بیٹری لمیٹڈ کے سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 27 ستمبر 2016 جس میں خصوصی کاروباری امور انجام دیئے جائیں گے، کے ساتھ منسلک ہے۔ اس اسٹیٹمنٹ کا مقصد مخصوص کاروبار سے متعلق موادی حقائق کو سامنے رکھنا ہے۔

## ایجنڈے کا آئٹم نمبر 5

ای ووٹنگ (E-voting) کو فعال بنانے کے لیے کمپنیز کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے لیے حصص داران کی منظوری ضروری ہے تاکہ کمپنیز ریگولیشنز 2016 کو مؤثر بنایا جا سکے۔

ڈائریکٹرز سوائے بطور کمپنی کے حصص داران اس امر میں دلچسپی نہیں رکھتے۔